ضابطہ (یوروپی یونین) 2016/679 اور متعلقہ یونانی قانون کے اعتبار سے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کے لیے رضامندی

A. معلومات

"«AllileggieSolidarityNow» " انجمن (جسے اس کے بعد "«AllileggieSolidarityNow» " یا "انجمن" کہا جائے گا)، پتہ Athens, 24, Tritis Septemvriou Street (رابطہ ٹیلیفون 2106772500) آپ کو انجمن کے مستفیدین (جسے اس کے بعد "مستفیدین" کہا جائے گا) کے طور پر، کنٹرولر کی حیثیت سے اور عمومی ڈیٹا تحفظ ضوابطہ (یوروپی یونین) 2016/679 اور ذاتی ڈیٹا کے تحفظ پر لاگو یونانی قانون کی متعلقہ شرائط کے مطابق، وہ ذاتی ڈیٹا پر درج ذیل کے مطابق عمل کرے گی:

1) ہم کن ذاتی ڈیٹا پر عمل درآمد کر رہے ہیں؟

«AllileggieSolidarityNow» اپنے مستفیدین کے لیے درج ذیل ذاتی ڈیٹا جمع کرتی ہے:

١) شناخت کی معلومات: نام، عرفی نام، شناخت کے دستاویزات، تاریخ پیدائش، سوشل سیکورٹی نمبر، دستخط،

٢) رابطہ کی تفصیلات: ڈاک پتہ، ٹیلیفون، ای میل پتہ

٣) قومیت،

٤) جنس،

٥) چہرے کی تصویر، اگر ضرورت ہو تو

مذکورہ بالا کے علاوہ، آپ کے ذریعہ نیچے منتخب کردہ معاونت پروگرام/پروگراموں کے مستفیدین کے طور پر آپ کی شمولیت سے متعلق ضروری معلومات درج ذیل ہے۔ خاص طور پر:

☐ ملازمت خدمات کے لیے: پیشہ وارانہ معلومات (گزشتہ کام کا تجربہ، پیشہ وارانہ قابلیت، بایو ڈاٹا)؛

☐ تعلیمی خدمات کے لیے: گزشتہ کام کے تجربہ، پیشگی تعلیم اور موجودہ تعلیمی کارکردگی کی تفصیلات،

☐ نفسیاتی معاونت اور دیگر صحت خدمات کے لیے: دماغی اور جسمانی صحت کی طبی سرگزشت،

☐ رہائش کی خدمت کے لیے: خاندانی حالت سرٹیفکیٹ، آمدنی اور اثاثوں کی تفصیلات، صحت ڈیٹا، معلق قانونی معاملات سے متعلق ڈیٹا (قانونی حالت اور فوجداری جرائم اور فوجداری

سزایابیوں سے متعلق ڈیٹا سمیت)، ٹیکس شناخت نمبر، رہائش اجازت نامہ نمبر (جہاں لاگو ہو)، پناہ کا خواہاں کارڈ نمبر، پناہ کیس نمبر، بینک کھاتے کی تفصیلات (اگر لاگو ہو)، سماجی فوائد تک رسائی سے متعلق معلومات، حرفتی تربیت اور تعلیم کی سطح سے متعلق معلومات، دیگر اداروں کے ذریعہ مالی امداد کی فراہمی کے لیے معلومات،

☐ قانونی خدمات کے لیے: قانونی معاملات سے متعلق ڈیٹا (قانونی حالت اور قابل تعزیر جرائم اور فوجداری سزایابیوں سمیت)،

☐ حساب کتاب میں معاونت کے لیے: آمدنی اور اثاثوں سے متعلق ڈیٹا (ٹیکس واپسی بیانات)، ٹیکس شناخت نمبر، برقی آمدنی ٹیکس واپسی اعلان درخواستوں کا صارف اور لاگ ان کوڈ (مثلاً taxisnet)

2) ہم آپ کے مذکورہ بالا ڈیٹا پر عمل کیوں کرتے ہیں؟

(a) آپ کی ضروریات کی تشخیص کرنے اور آپ کو مناسب خدمات فراہم کرنے کے لیے،

(b) انجمن کے ذریعہ اپنے مالیات مہیا کرنے والوں کے قانونی فرائض اور تقاضوں کی تعمیل کرنے کے لیے،

(c) انجمن کے ذریعہ انجام دی جانے والی وکالت اور تحقیق کے مقاصد سے، نیز درخواستوں اور تیسرے فریقوں کے ذریعہ انجام دی گئی پوچھ تاچھ میں گمنام ڈیٹا کی فراہمی (مثلاً اقوام متحدہ کے اعلی کمنشر برائے مہاجرین (UNHCR)، دیگر غیرسرکاری تنظموں، وغیرہ)۔

3) آپ کے ذاتی ڈیٹا تک کسے رسائی ہوتی ہے؟

(a) انجمن کے ملازمین جو، جہاں مناسب ہو، معاونت خدمات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں (استقبال کنندگان، سماجی کارکنان، ماہر نفسیات، محاسب، وغیرہ)۔

(b) مزید، آپ کا ڈیٹا حسب ذیل تیسرے فریقوں کو منتقل کیا جا سکتا ہے:

i) انجمن کے معاونت پروگراموں کو مالیات فراہم کرنے والی بین الاقوامی تنظیمیں (مثلاً اقوام متحدہ کے اعلی کمنشر برائے مہاجرین)، جیسا کہ ان تنظیموں کے ذریعہ بیان کردہ مالیات فراہم کرنے کی شرائط میں مطلوب ہو۔

ii) معاونت پروگراموں میں شرکت کرنے والی دیگر غیرسرکاری تنظیمیں یا تیسرے فریق (مثلاً تعلیمی تنظیمیں، رہائش فراہم کرنے والا تیسرا فریق، بیرونی ڈاکٹر، اسپتال)۔

iii) سرکاری ادارے ان کی درخواست پر۔ «AllileggieSolidarityNow» مستفیدین ڈیٹا کو اصل ملک یا نقل مکانی والے ملک کے اداروں یا دیگر ملکوں کے سرکاری اداروں کو منتقل نہیں کرتی ہے۔

4) ہم جس ذاتی ڈیٹا کو جمع اور اس پر عمل کاری کرتے ہیں اسے ہم کتنی مدت تک رکھتے ہیں؟

«AllileggieSolidarityNow» مستفیدین کے ذاتی ڈیٹا کو پورے معاونت پروگرام اور اس کی میعاد ختم ہونے کے بعد ۵ سالوں تک رکھتی ہے، اور پھر انھیں حذف کر دیتی ہے جب تک کہ: (i) پروگرام کو مالیات فراہم کرنے والے کے ذریعہ تقاضا نہ ہو، یا (ii) قانون کے ذریعہ صراحت نہ کی گئی ہو، یا (iii) ڈیٹا انجمن کے قانونی دعووں کے قیام، اسے بروئے کار لانے یا اس کی معاونت کرنے کے لیے ضروری ہو، تاکہ محفوظ رکھنے کی مدت بڑھائی یا گھٹائی جا سکے، جیسی صورت حال ہو۔

5) آپ کو ذاتی ڈیٹا تحفظ پر کیا حقوق حاصل ہیں؟

a) یہ جاننا کہ ہم کس طرح کا ذاتی ڈیٹا رکھتے اور اس پر عمل کاری کرتے ہیں، ان کی اصل، ان پر عمل کاری کے مقاصد، ان کے وصول کنندگان، اور ان کو محفوظ رکھنے کی مدت (رسائی کا حق)۔

b) اپنے ذاتی ڈیٹا میں اصلاح یا/اور تکمیل کی درخواست کرنا تاکہ وہ مکمل اور درست ہوں (تصحیح کا حق)۔ اس طرح کی صورتوں میں، آپ کو اس طرح کی اصلاح یا تکمیل کی ضرورت دکھانے والا کوئی ضروری دستاویز فراہم کرنا لازمی ہے۔

c) آپ کے ڈیٹا پر عمل کاری کو محدود کرنے کی درخواست کرنا (محدود کرنے کا حق)۔

d) ہمارے پاس رکھے ہوئے آپ کے ذاتی ڈیٹا پر کسی مزید عمل کاری کا انکار کرنا یا/اور مخالفت کرنا (اعتراض کرنے کا حق)۔

e) ہمارے پاس موجود ریکارڈوں سے آپ کے ذاتی ڈیٹا کے حذف کی درخواست کرنا (بھلا دیے جانے کا حق)۔

f) ہمارے پاس موجود آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اپنے من پسند کسی دیگر جمع کنندہ کے پاس منتقل کرنے کی درخواست کرنا (ڈیٹا کو منتقل کرنے کا حق)۔

برائے مہربانی اپنے حقوق کے تعلق سے درج ذیل چیزیں نوٹ کریں:

- نکات (c)، (d) اور (e) میں آپ کے حقوق کی تکمیل کے نتیجہ میں، اگر اس کا تعلق ایسے ڈیٹا سے ہے جنہیں فراہم کرنا ضروری ہے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کے ذریعہ درخواست کردہ خدمات کو جاری نہ رکھا جا سکے۔

- انجمن کو کسی بھی صورت میں یہ حق حاصل ہے کہ وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل کاری کو محدود کرنے یا اسے حذف کرنے کی آپ کی درخواست کی تکمیل کرنے سے انکار کر دے اگر اس کے قانونی حقوق کے قیام، عمل آوری یا معاونت کے لیے یا اس کے قانونی فرائض کی تکمیل کے لیے ڈیٹا پر عمل کاری یا اسے برقرار رکھنا ضروری ہو۔

- انتقال کے حق کے استعمال (نکتہ بالا f) کے نتیجہ میں آپ کا ڈیٹا انجمن کے ریکارڈوں سے حذف نہیں ہوتا ہے، جوکہ پیراگراف بالا کی شرائط کے تابع ہے۔

- حقوق بالا کا استعمال مستقبل میں لاگو ہوتا ہے اور ماضی میں ڈیٹا پر عمل کاری سے متعلق نہیں ہے۔

g) ذاتی ڈیٹا تحفظ ادارہ (www.dpa.gr) کے پاس شکایت جمع کرانا اگر آپ کا اعتقاد ہے کہ آپ کے حقوق کی کسی بھی طرح سے خلاف ورزی ہوئی ہے۔

6) آپ ان حقوق کا استعمال کیسے کر سکتے ہیں؟

اپنے کسی حق کا استعمال کرنے کے لیے، آپ یا تو انجمن کے کارکنان کے ذریعہ آپ کو دستیاب ہونے والے طباعت شدہ فارم کو مکمل کریں اور اسے استقبالیہ پر موجود کسی ملازم کو دے دیں یا gdpr@solidaritynow.org پر انجمن کو ای میل کر دیں

7) آپ کے ذاتی ڈیٹا کی حفاظت کیسے کی جاتی ہے؟

انجمن مستفیدین کے جن ذاتی ڈیٹا کو جمع کرتی اور ان پر عمل کاری کرتی ہے ان سبھی کو بالکل حفاظت سے رکھتی ہے۔ اس کے طریقہ ہائے کار اور نظام ہیں اور وہ انہیں نافذ بھی کرتی ہے، یہ ذاتی ڈیٹا اور ان پر عمل کاری کی رازداری، نیز حادثاتی یا غیرقانونی تباہی، حادثاتی ضیاع، ردوبدل، غیرمجاز انکشاف یا رسائی اور غیرقانونی عمل کاری کی کسی دیگر شکل سے ان کی حفاظت کو یقینی بناتے ہیں۔

****

B. رضامندی

معلومات بالا کے مدنظر، میں عمومی ذاتی ڈیٹا اور ۱ بالا کے تحت میرے ذیعہ منتخب کردہ معاونت پروگراموں کے زمرہ جات سے متعلق ڈیٹا پر عمل کاری کی اپنی واضح رضامندی دیتا ہوں۔ (☒)

*اگر آپ اپنی رضامندی فراہم نہیں کر پائیں گے تو نتیجہ کے طور پر انجمن درخواست کردہ خدمات کو نہیں کر پائے گی۔

*مستقبل پر لاگو ہونے والی اور ماضی میں انجام دیے گئے عمل کو متاثر نہ کرنے والی آپ کی رضامندی کی منسوخی کسی بھی وقت ہو سکتی ہے، مگر اس کی وجہ سے آپ کو فراہم کی جانے والی معاونت خدمات فوری طور پر رک جائیں گی۔

____

مکمل نام

____

دستخط

تاریخ

____